11/05/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ انور الحق سے خبریں سُنئے

مصری

بھارت نے کہا ہے کہ پاکستان نے اُس مفاہمت کے چند گھنٹے بعد ہی لگاتارخلاف ورزیاں کی ہینجو مفاہمت پاکستان کے ساتھ کل پہلے طے پائی تھی۔ نئی دہلی میں صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے خارجہ سیکریٹری وِکرم مصری نے کہا کہ مسلہ افواج ان خلاف ورزیوں کا مناسب جواب دے رہی ہیں اور نئی دہلی ان خلاف ورزیوں کا بہت سنجیدگی سے نوٹس لے رہی ہے۔

خارجہ سیکریٹری نے کہا کہ مسلہ افواج صورتحال پر سخت نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوج کو بین الاقوامی سرحد کے ساتھ ساتھ لائن آف کنٹرول پر خلاف ورزیوں کی تکرار کے کسی بھی واقعے سے سختی سے نمٹنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔

--(Misri)--Byte---

خارجہ سکریٹری نے کہا کہ گزشتہ کچھ دنوں سے جاری فوجی کارروائی کو روکنے کے لیے بھارت اور پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز کے درمیان کل شام ایک مفاہمت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اس صورتحال کو اچھی طرح سمجھنا چاہیے اور اس مداخلت کو روکنے کے لیے فوری طور پر مناسب کارروائی کرنی چاہیے۔

در اندازی

نگروٹہ ملٹری اسٹیشن کے قریب کل شام دیر گئے مشتبہ نقل و حرکت دیکھنے پر ایک چوکس سنتری نے چلینج کیا، جس کے بعد گولیوں کا مختصر تبادلہ ہوا، جس دوران سنتری معمولی طور زخمی ہوا ۔فوج کی وائٹ نائٹ کور نے سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ در اندازوں کو ڈھونڈ نکالنے کی کاروائی جا ری ہے۔

و زیر اعظم

کل فائر بندی اعلان کے بعد وزیر اعظم نریندر مو دی نے نئی دلی میں اپنی رہائش گاہ پر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ ، قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال ، چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انیل چوہان اور فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان موجود تھے۔ میٹنگ میں آپریشن سندور اور فائر بندی اعلان کے تناظر میں کئی اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

گووِند موہن

مرکزی داخلہ سیکریٹری گووِند موہن نے کل پاکستان کے ساتھ سرحد لگنے والی ریاستوں کے چیف سیکریٹریوں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ریاستوں کو سرحد پار سے فائرنگ ہونے کی صورت میں اپنے متعلقہ علاقوں میں چوکس رہنے اور سیول ڈیفنس میکنزم کو متحرک رکھنے کےلئے کہا گیا ہے۔

صوفیا قریشی

بھارت نے کہا ہے کہ اُس کے خلاف پاکستان کی اشتعال انگیز کاروائیوں کے بعد پاکستان کو ا نتہائی نقصان اُٹھانا پڑا ہے کیونکہ بھارت نے آپریشن سندور کے تحت پاکستان کی جارہانہ اور دفاعی صلاحیتوں کو تہس نہس کر دیا ہے۔ نئی دلی میں

میڈیا سے بات کر تے ہوئے کرنل صوفیا قریشی نے کہا کہ بھارت کی کاروائی کا مقصد دہشت گردوں کے کیمپ اور وہ مقامات تھے جنہیں بھارت مخالف سرگرمیوں کےلئے استعمال کیا جا رہا تھا۔

**LG**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون میں مذہبی رہنماؤں،سیول سوسائٹی ارکان اور کارخانوں و تجارتی انجمنوں کے سربراہان سے بات چیت کی۔ میٹنگ کے دوران ایل جی نے لوگوں کو مذہب کے نام پر منقسم کرنے کی کسی بھی سازش کو ناکام بنانے کےلئے قومی اتحاد کو مضبوط کرنے کی کوششوں پر زور دیا۔ انہوننے کہا کہ ہماری فورسز دشمن کو منہ توڑ جواب دے رہے ہیں۔

**قومی دن**

آج ٹیکنالوجی کا قومی دن ہے۔ بھارت نے 1998 میں آج ہی کے دن راجستھان کے پوکھران میں کامیابی نیوکلیائی تجربہ کیا تھا۔ یہ دن ملک کی ترقی اور خوشحالی میں ٹیکنالوجی کے اہم رول کی یاد دہانی کا ایک موقع فراہم کر تا ہے۔

**پولیس**

منشیات کے خلاف کاروائی کو جا ری رکھتے ہوئے سوپور پولیس نے آڈی پورہ کے منظور وٹا نامی ایک بڑے ڈرگ ڈسٹربیوٹرس کے نام پر ایک میڈیکل ایجنسی چلا رہا تھا۔ Pharmaceutical سمگلرکو گرفتار کیا ہے۔ جو این ٹریڈرس

کی115بوتلیں ضبط کی گئی ہیں۔Codeine Phosphateایجنسی پر چھاپے کے دوران

**ہیلپ لائن**

جمونو کشمیر حکومت نے یوٹی سے باہر زیر تعلیم طلباءاور جمونو کشمیر میں زیر تعلیم باقی ریاستوں کے طلباءجو اپنے اپنے گھروں کو لوٹنا چاہتے ہیں، کی سہولت کےلئے ہیلپ لائینیں قائم کی ہیں۔ جموں میں یہ نمبرات ہیں

اور7780885279 جبکہ کشمیر صوبے کےلئے یہ نمبر ہیں 9419074220اور9419075671 خواہشمند 9469148784 طلباءمدد کےلئے ان نمبرات کے ساتھ رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13اعشاریہ2ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت22اعشاریہ5ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

........................................................